SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
*For immediate Release*
**June 16, 2016**

## ایس ای سی پی میں چھ سو اکتالیس نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن

اسلام آباد (جون ۱۶) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں مئی کے مہینے میں چھ سو اکتالیس نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، اس طرح موجودہ مالی سال کے پہلے گیارہ مہینوں رجسٹرڈیشن حاصل کرنے والی کمپنیوں کی کل تعداد پانچ ہزار چھ سو چھبیس ہو گئی ہے جو کہ گزشتہ سال کے اس عرصہ میں چوبیس فی صد زیادہ ہے۔

مئی کے مہینے میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں اٹھاسی فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ، آٹھ فیصد سنگل ممبر جبکہ باقی چار فیصد میں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسو سی ایشن اور غیر ملکی کمپنیاں شامل ہیں۔

گزشتہ ماہ سب سے زیادہ کمپنیاں تجارت کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد پچاسی ہے جبکہ خدمات کے شعبے میں رجسٹرڈ ہونے والی کمپنیوں کی تعداد ستاسٹھ، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں چوسٹھ، تعمیرات میں پچاس، سیاحت میں اکتالیس، کمیونی کیشن میں چوبیس، ایندھن و توانائی میں بائیس، رئیل اسٹیٹ ڈولپمنٹ اور کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ میں اکیس، فوڈ اور مشروبات میں انیس، انجینئرنگ میں اٹھارہ، ٹیکسٹائل اور تعلیم میں سترہ سترہ، براڈ کاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ میں سولہ، پاور جنریشن اور ادویہ سازی دونوں میں چودہ چودہ، ٹرانسپورٹ میں تیرہ، آٹو اور اس سے متعلقہ شعبے میں بارہ اور حفظانِ صحت کے شعبے میں گیارہ اور پچانوے کمپنیاں دوسرے مختلف شعبوں میں رجسٹرڈ ہوئیں۔ علاوہ ازیں اس ماہ سات غیر ملکی کمپنیوں نے بھی اسلام آباد، لاہور اور پشاور میں رجسٹریشن حاصل کی۔

علاوہ ازیں، مئی کے مہینے میں پنتالیس کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان سرمایہ کاروں کا تعلق افغانستان، آسٹریلیا، کینیڈا، چین، اٹلی، جاپان، اردن، ملائیشیا، تھائی لینڈ، ترکی، برطانیہ، اور امریکہ سے ہے جبکہ یہ غیر ملکی سرمایہ کاری آٹو اور اس سے متعلقہ، تاروں اور بجلی کی اشیاء، تعمیرات، کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ، تعلیم، انجینئرنگ، کھانے پینے اور مشروبات، ایندھن و توانائی، حفظانِ صحت، ، انفرمیشن ٹیکنالوجی، چمڑا، ادویہ سازی،

**Media and Corporate Communications Department**
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk

پاور جنریشن، خدمات، سٹیل اور اس سے متعلقہ، سیاحت، تجارت، ٹرانسپورٹ اور بہت سے دوسرے شعبوں میں کی گئی۔ سب سے زیادہ رجسٹریشن ، کمپنی رجسٹریشن آفس اسلام آباد میں ہوئی جہاں دو سو اٹھائیس کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ دو سو لاہور، ایک سو چوالیس کراچی، فیصل آباد میں انیس، ملتان میں اکیس، پشاور میں اٹھائیس اور سکھر میں ایک کمپنی رجسٹر ہوئی۔

**Media and Corporate Communications Department**
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk